نوکیتن پکچرز کا انوکھا شاہکار۔

اداکاران۔ گیتا بالی
دیوانند۔ حبیب
کے این سنگھ، رشید
ابوبکر
نرمل کمار۔

بازی

बाज़ी

قیمت ایک آنہ

کتبہ تنویر حسین بجنوری

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو دریبہ کلاں دہلی

بازی کا خلاصہ

جوا کھیلنا کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ کون کہتا ہے اچھی بات ہے۔ مگر کوئی مدن کے دل سے پوچھے اس پر کیا گذرتی ہوگی جب بیمار بہن کے لئے دوا دارو تک کا انتظام نہ ہو پاتا تھا۔ مدن ایک شریف لڑکا تھا، اس نے اچھے دن دیکھے تھے۔ پر قسمت نے اُسے آوارہ بنا کر فٹ پاتھ پر پھینک دیا تھا۔

رجنی اس کی ہر طرح پر مدد کرنے کو تیار تھی۔ وہ امیر تھی وہ ڈاکٹر بھی اُسے مدن سے ہمدردی تھی۔ مگر مدن کو کسی کا احسان لینا پسند نہ تھا۔

نینا ایک دوسرے ڈھنگ کی لڑکی تھی۔ زمانے نے اسے بھی دھتکار دیا تھا۔ مگر اس کی انسانیت ابھی تک قائم تھی، اُسے بھی مدن سے ہمدردی تھی۔ ہمدردی ہی نہیں، پیار بھی تھا۔ ظالم زمانے کا مقابلہ کرنے کیلئے نینا کو اپنا سب کچھ داؤ پر لگانا پڑا تھا اس نے مدن کو بتایا کہ اگر وہ اپنی بہن روپا کو بچانا چاہتا ہے تو اسے بھی یہی کرنا پڑیگا۔ بھولے مدن نے یہی کیا۔ مگر وہ ایک ایسے جال میں پھنس گیا کہ نہ صرف اس کی اپنی بلکہ نینا، روپا اور رجنی تک کی جانیں خطرے میں پڑ گئیں۔ انہیں کیا معلوم تھا کہ پردہ کے پیچھے ایک ایسا انسان شطرنج بچھائے بیٹھا ہے۔ جسکا کام ہی بھولے بھالے بیقصور لوگوں کی زندگیاں تباہ کرنا ہے اور وہ کیا

گانے

نمبر ۱

شرمائے کاہے گھبرائے کاہے،
سن میرے راجہ - او راجہ آجا آجا آجا
کچھ نہ سوچ متوالے - دل کی مان دل والے
دنیا کا غم کرتا ہے کیوں!
ملنے کی راتیں ہیں، ڈرتا ہے کیوں!
شرمائے کاہے۔ کچھ نہ سوچ متوالے دل کی مان دل والے
آنکھوں کا رس پی لے ذرا۔ زلفوں کے سایہ میں جی لے ذرا
شرمائے کاہے، کچھ نہ سوچ متوالے دل کی مان دل والے
جا کے یہ دن آتے نہیں آ تجھکو دیدوں میں جنت یہیں، شرمائے کاہے

نمبر ۲

یہ کون آیا کہ میرے دل کی دنیا میں بہار آئی
اچانک یہ میرے ہاتھوں میں کسکا ہاتھ آیا ہے
نہیں جانوں نہ دل جانے وہ اپنا یا پرایا ہے
یہ کون آیا کہ میں اپنی ہی دھڑکن سن کے شرمائی
دلہن بن کر جوانی کی امنگیں گنگناتی ہیں
بتا ہے کون آنکھوں میں کہ آنکھیں مسکراتی ہیں

گھبرا گئیں کی باہوں پر یہ میری زلف لہرائی

نمبر ۳

تدبیر سے بگڑی ہوئی تقدیر بنالے

اپنے پہ بھروسہ ہے تو یہ داؤ لگالے

ڈرتا ہے زمانہ کی نگاہوں سے بھلا کیوں

انصاف تیرے ساتھ ہے ۔ اقدام اٹھالے

کیا خاک وہ جینا ہے جو اپنے ہی لئے ہو

خود مٹ کے کسی اور کو مٹنے سے بچالے

ٹوٹے ہوئے پتوار ہیں کشتی کے تو کیا غم

ہاری ہوئی باہوں کو ہی پتوار بنالے

نمبر ۴

آج کی رات پیا دل نہ توڑو ۔ من کی بات پیا مان لو

دل کی کہانی اپنی زبانی تم کو سنانے آئی ہوں

آنکھوں میں نیلے سپنے سہانے اپنا بنانے آئی ہوں

چھوڑ کے ساتھ پیا منھ نہ موڑو ۔

من کی بات پیا مان لو

چندا بھی دیکھے تارے بھی دیکھیں ۔ ہم کو گگن کی اوٹ ہے

گھائل کیا ہے دل تم نے میرا ۔ میٹھی نظر کی چوٹ ہے

تھام کے ہاتھ پیا یوں نہ چھوڑو

من کی بات پیاسل لو۔

نمبر ۵

دل یہ کیا چیز ہے اور دل کی تمنا کیا ہے
تیر پر تیر چلائے، تجھے پروا کیا ہے۔
ارے تیری قسم میری جان!

تیرے تیروں میں چھپے پیار کے خزانے ہیں
میرے بول پہ دیکھو۔ آج بھی ترانے ہیں
تجھ سے اک چھوٹی سی پہچان ہے یہ بھی نہ سہی
دل میں ایک بے کار ارمان ہے یہ بھی نہ سہی
ارے تیری قسم میری جان!

جینے والوں کے سو لاکھ بہانے ہیں۔ میرے بول پہ دیکھو
اور ہوں گے جنھیں آرام کے سامان ملے
اپنی کشتی کو تو ساحل پہ بھی طوفان ملے
ارے تیری قسم میری جان!
نیا پرانی ہے۔ طوفان بھی پرانے ہیں۔ میرے بول پہ دیکھو

نمبر ۶

دیکھ کے اکیلی مورے بڑھاتا ہے گالوں کو چومے، کبھی چھیڑے ڈالے
ٹپ ٹپ ٹپ ٹپ......
چلی نہ جائے چال جگنوں جیسے ڈال

ساری بھیگی چولی بھیگی - بھیگے گورے گال
آدئی دیکھ کے اکیلی موہے برکھا ستائے
ٹوٹے ہار سنگار - پائی جل کی دھار
کھلی سڑک پہ ہٹ گئی لوگو! ایسی نار
ادئی - دیکھ کے اکیلی موہے برکھا ستائے
پاؤں پھسلتا جائے - تن ہچکولے کھائے
ایسے میں جو ہاتھ پکڑے من اسکا ہو جائے
ادئی - دیکھ کے اکیلی موہے برکھا ستائے

نمبر ۷

لاکھ زمانے والے ڈالیں دلوں پہ تالے
تم بھی نہ بھولو بالم! ہم بھی نہ بھولیں
دل کی لگی پہ دیکھو آنچ نہ آئے
جان رہے کہ جائے پیار نہ جائے
جیتے سو جیتے دیکھو، دنیا نہ جیتے دیکھو
تم بھی نہ بھولو بالم، دل بھی تمہارا
پیت لگی نہ چھوٹے، ڈور بندھی نہ ٹوٹے
تم بھی نہ بھولو بالم، ہم بھی نہ بھولیں
غم جو تمہارا ہو، وہ غم بھی ہے پیارا۔

میں بھی تمہاری بالم، دل بھی تمہارا
پریت لگی نہ چھوٹے۔ ڈور بندھی نہ ٹوٹے
تم بھی نہ بھولو بالم، ہم بھی نہ بھولیں۔

نمبر ۳

سنو گجر کیا گائے
سمے گذرتا جائے
ارے جینے والے، ہو رے بھولے بھالے، سونا نہ کھونا نہ
گنے چنے پل ہیں تیرے جیون کے
دھوم مچا لے ابھی دن ہیں ملن کے
او رے جینے والے، ہو رے بھولے بھالے، سونا، کھونا نہ
حسن بھی فانی اور عشق بھی فانی ہے
ہنس کے بتا لے دو گھڑی کی جوانی ہے
او رے جینے والے، ہو رے، بھولے بھالے، سونا نہ کھونا نہ۔
بچھڑا زمانہ کبھی ہاتھ نہ آئے گا
دوش نہ دینا۔ پیچھے پھر پچھتائے گا
او رے جینے والے، ہو رے، بھولے بھالے۔ سونا نہ کھونا نہ

سینما گیت

جس کے اندر بولتی فلموں میں گاتے ہوئے ۵۵۰ سے زائد وہ دلکش گانے درج کئے ہیں۔ جنہیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں میں سے چنا گیا ہے۔

جن کو زمانۂ حال کے مشہور ستارے۔ مثلاً نرگس ثریا۔ گیتا بالی ریحانہ۔ مینا۔ موتی لال۔ ماسٹر سہگل اشوک کمار۔ راجکپور۔ پرتھوی راج۔ دیپ کمار یعقوب۔ چندر موہن وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔

جن کو ایک بار سننے و پڑھنے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے،

اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں تو قیمت بمعہ محصول ڈاک صرف عہ/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی